PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان2 ایک روزہ میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز کل سے ہوگا

- سیریز میں شامل دونوں میچز جیتنے کے لیے میدان میں اتریں گے، کپتان قومی ویمنز کرکٹ ٹیم بسمعہ معروف
- پاکستان کے خلاف ایک روزہ سیریز میں بہترکھیل کا مظاہرہ کریں گے، کپتان بنگلہ دیش ویمنز کرکٹ ٹیم رومانہ احمد
- ایک روزہ سیریز میں شامل 2 میچز 2 اور 4 نومبر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے
- ٹی ٹونٹی سیریز کی طرح ایک روزہ سیریز کے دونوں میچز بھی لائیو اسٹریم کیے جائیں گے

لاہور،یکم نومبر2019ء:

3میچز پر مشتمل ٹی ٹونٹی سیریز میں کلین سوئیپ کرنے کے بعد قومی ویمنز کرکٹ ٹیم 2نومبر سےبنگلہ دیش کے خلاف ایک روزہ سیریز کا آغاز کرے گی۔ سیریز کا پہلا میچ 2 نومبر بروز ہفتہ کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

یہ میچز آئندہ ماہ ملائشیا میں انگلینڈ کے خلاف سیریز سے قبل قومی ویمنز کرکٹ ٹیم کی تیاریوں میں معاون ثابت ہوں گے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سیریزآئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔

آٹھ ٹیموں پر مشتمل چیمپئن شپ میں پاکستان فی الحال پانچویں نمبر پر موجود ہے۔ انگلینڈ کے خلاف کامیابی قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی نیوزی لینڈ میں شیڈول آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈکپ 2021میں براہ راست رسائی ممکن بنائے گی۔

دونوں ٹیموں کے درمیان آخری بار ایک روزہ میچ گذشتہ سال اکتوبر میں کھیلا گیا ، جہاں میزبان بنگلہ دیش نے پاکستان کے خلاف 6وکٹوں سے کامیابی حاصل کی تھی۔

دونوں ٹیموں کے درمیان اب تک کل 8 میچز کھیلے جاچکے ہیں جس میں 5 پاکستان اور 3 بنگلہ دیش نے جیتے۔

ہفتے کے روز شیڈول سیریز کا ابتدائی میچ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جانے والا پہلا ایک روزہ ویمنز کرکٹ میچ ہوگا۔

بسمعہ معروف، کپتان قومی ویمنز کرکٹ ٹیم:

قومی ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان بسمعہ معروف نے کہا کہ سیریز میں شامل دونوں ایک روزہ میچ جیتنے کے لیے میدان میں اتریں گے۔انہوں نے کہا کہ ٹی ٹونٹی سیریز میں کلین سوئیپ کرنے کے بعد اعتماد میں اضافہ ہوا، جس کا فائدہ ایک روزہ سیریز میں اٹھائیں گے۔

بسمعہ معروف نے کہا کہ قومی خواتین ٹیم ایک روزہ فارمیٹ میں گذشتہ چند عرصے سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹیم میں شامل ہر کھلاڑی اعلیٰ کارکردگی دکھانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

رومانہ احمد، کپتان بنگلہ دیش ویمنز کرکٹ ٹیم:

بنگلہ دیش ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان رومانہ احمد نے کہا کہ پاکستان سے ٹی ٹونٹی سیریز میں شکست کے بعد کیمپ میں مایوسی ضرور ہے تاہم ایک روزہ سیریز میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

رومانہ احمد نے کہا کہ مہمان ٹیم بیٹنگ اور باؤلنگ دونوں شعبوں میں مضبوط ہے مگرایک روزہ سیریز میں وہ اپنے باؤلنگ اٹیک پر تکیہ کریں گے۔

اسکواڈز:

پاکستان:

بسمعہ معروف(کپتان)،عالیہ ریاض،عروب شاہ، فا طمہ ثناء، سدرہ نواز، ناہیدہ خان ، ڈیانا بیگ،جویریہ خان، سدرہ امین، عمیمہ سہیل، ارم جاوید،ثناء میر،نشرہ سندھو، سعدیہ اقبال اورکائنات امتیاز۔

بنگلہ دیش :

رومانہ احمد(کپتان)، فہیمہ خاتون،فرگانہ حق، جہان آرا ءعالم،خدیجہ الکبرہ، لتا موندل، نگار سلطانہ،سلمہ خاتون، پنا گوش، شنجیدہ اختر ، سنجیدہ اسلام، مرشدہ خاتون،شمیمہ سلطانہ، ناہیدہ اختر ، شرمین اختراورشرمین سلطانہ اور شرمین سلطانہ سپتا۔

شیڈول:

2نومبر: پہلاایک روزہ میچ بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور
4نومبر: دوسراایک روزہ میچ بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

میچ آفیشلز:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے 2 ایک روزہ میچوں پر مشتمل سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان کردیا ہے، جن کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

پہلا ایک روزہ میچ: آن فیلڈ امپائرز: آصف یعقوب اور شوزب رضا ، ریزرو امپائر: طارق رشید اور میچ ریفری: محمد جاوید ملک

دوسرا ایک روزہ میچ: آن فیلڈ امپائرز: آصف یعقوب اور شوزب رضا ، ریزرو امپائر: طارق رشید اور میچ ریفری: محمد انیس

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of

playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4